ABC CERTIFIED

لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اکرم یونس

جلد نمبر 20 | ہفتہ 3 جمادی الثانی، 1448ھ 14 نومبر 2026ء، 30 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 139

ہمارے وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں جبکہ نتائج کے حصول کیلئے ہمارے لوگ طاقت اور عزم کا سرچشمہ ہیں، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر

پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا قومی مقصد ہے فیلڈ مارشل

ہمیں صلاحیت سے پیداوار کی طرف، وعدوں سے عمل کی طرف اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ گروتھ کی طرف بڑھنا ہوگا، سید عاصم منیر کا منرلز فورم سے خطاب



آئی جی پنجاب عبدالکریم پولیس اسٹرن شپ پروگرام کے 15ویں بیچ کی اختتامی تقریب میں شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی معدنی دولت کو کارآمد بنانا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے، معدنی ترقی سے مقامی آبادیوں کو فائدہ پہنچنا لازم ہے، معدنیات سے مالا مال علاقوں کے لوگوں کو اپنی زندگیوں میں نمایاں بہتری نظر آنی چاہیے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد پاکستان کو طویل (باقی صفحہ نمبر 3 پر نمبر3)

مولانا فضل الرحمان کو دہشتگرد کی بار بار سوچ کر بات کرنی چاہیے، ملک احمد خان

نئے صوبوں کے قیام پر ریفرنڈم کروالیا جائے، عوام کی رائے کے مطابق فیصلہ کیا جائے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو جانا ہار مقرر کے طور پر دیکھا ہے، دہشت گردی کے حوالے سے مولانا کو سوچ (باقی صفحہ نمبر 1 پر نمبر1)

دفاع وطن کے لئے پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، علماء

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا کے علماء و مشائخ نے تحفظ ختم نبوت اور دفاع ناموس صحابہ و اہلبیت دین اسلام کا جزو اول ہے جس کے لئے جان بھی قربان ہے کا جذبہ ہمارے (باقی صفحہ نمبر 2 پر نمبر2)

زمین اور جائیداد کی رجسٹریوں کے اختیارات ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کو منتقل

بورڈ آف ریونیو پنجاب نے اختیارات کی منتقلی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز اب زمین اور جائیداد کی رجسٹریاں کرنے کے مجاز ہوں گے

نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب حکومت نے رجسٹریشن ایکٹ 1908 کی دفعہ 6 کے تحت یہ اختیارات تفویض کیے ہیں، جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے زمین اور جائیداد کی رجسٹریوں کے نظام میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے صوبے کے تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں تعینات ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کو سب رجسٹرار کے اختیارات تفویض کر دیے ہیں۔ بورڈ آف ریونیو پنجاب نے اختیارات کی منتقلی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر اب زمین اور جائیداد (باقی صفحہ نمبر 4 پر نمبر4)

دھی رانی پروگرام: گوجرانوالہ 110 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی

اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب ایگزیکٹو مارکی راہوالی میں منعقد ہوئی، تقریب میں 93 مسلم اور 17 مسیحی جوڑوں کی شادیاں کروائی گئیں۔

صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ دھی رانی پروگرام مستحق والدین کو مالی مشکلات سے نجات دلانے کا قابلِ تحسین اقدام ہے، رواں سال پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں 5 ہزار شادیاں کروائی جائیں گی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خلاصی وژن کے تحت دھی رانی پروگرام کے تیسرے مرحلے میں گوجرانوالہ کے 110 مستحق جوڑے رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ اجتماعی شادیوں کی پروقار تقریب ایگزیکٹو مارکی راہوالی میں منعقد ہوئی، تقریب میں 93 مسلم اور 17 مسیحی جوڑوں کی شادیاں کروائی گئیں۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ (باقی صفحہ نمبر 5 پر نمبر5)

علی ڈار کی ایکسپو بک اینڈ اسٹیشنری فیئر 2026 میں بطور مہمان خصوصی شرکت، افتتاح بھی کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اے آئی، بین الاقوامی (باقی صفحہ نمبر 9 پر نمبر9)

پنجاب بھر میں 1437 ٹریفک حادثات میں 16 افراد جاں بحق، 1663 زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ریسپانس ڈپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں (باقی صفحہ نمبر 10 پر نمبر10)

کنسٹرکشن ویلیو ایشن کا نظام شفاف اور زمینی حقائق کے مطابق بنایا جائے، لاہور چیمبر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کنسٹرکشن ویلیو ایشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں شرکاء نے ویلیو ایشن کے نظام کو شفاف، منصفانہ اور زمینی حقائق (باقی صفحہ نمبر 11 پر نمبر11)

ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے مثال قائم کریگی، وزیراعظم شہباز شریف

پاکستان 2050 سے پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا

شہباز شریف

شہباز شریف کی بیرک مائننگ کارپوریشن کے چیئرمین جان تھورنٹن کی سربراہی میں وفد سے ملاقات، وفد نے کراچی اور گوادر میں منرل پراسیسنگ کی صنعت کے قیام میں سرمایہ کاری کے لیے گہری دلچسپی کا اظہار کیا

پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، ان شاء اللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا



لاہور: صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے ایک مثال قائم کرے گی، بلوچستان کے عوام کو معدنی منصوبوں کے ثمرات میں براہ راست شریک کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے بیرک مائننگ کارپوریشن کے چیئرمین جان تھورنٹن کی سربراہی میں وفد نے ملاقات (باقی صفحہ نمبر 12 پر نمبر12)

پنجاب میں طبی عملے کی تربیتی نگرانی کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم "پرائم" متعارف

"پرائم پورٹل" کے تحت میڈیسن، ڈینٹسٹری، نرسنگ، فارمیسی اور الائیڈ ہیلتھ کی تعلیم و تربیت ڈیجیٹل نظام سے منسلک ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں میڈیکل اور ہیلتھ ٹرینر کی تربیتی نگرانی کے لئے ڈیجیٹل پلیٹ فارم "پرائم" متعارف کرا دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق (باقی صفحہ نمبر 13 پر نمبر13)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر پنجاب سہیل شوکت بٹ، گوجرانوالہ میں "دھی رانی پروگرام" کی تقریب میں مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں۔

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل

اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول سے متعلق الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔

عدالت نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرتے ہوئے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول سے متعلق الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس عبیر مجید ملک نے حکم امتناع جاری کر دیا۔ عدالت نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرتے ہوئے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ (باقی صفحہ نمبر 14 پر نمبر14)

اسحاق ڈار کا ازبک وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

جس میں آئندہ کثیر الجہتی اجلاسوں، بالخصوص اسلام آباد میں ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ اجلاس کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو کے دوران آئندہ مشترکہ سفارتی مصروفیات اور علاقائی و بین الاقوامی سطح پر تعاون کے امکانات بھی زیر غور آئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار نے ازبکستان کے وزیر خارجہ مختیار سعیدوف سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا، جس میں آئندہ کثیر الجہتی اجلاسوں، بالخصوص اسلام آباد میں ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ اجلاس کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان (باقی صفحہ نمبر 15 پر نمبر15)



لاہور: صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں پرائم پورٹل کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں کی بحالی کا فیصلہ ان کے رویے پر منحصر ہوگا، رانا ثناءاللہ

بانی پی ٹی آئی کے وکلاء نے ملاقات کے بعد سیاسی گفتگو کی جو آئندہ ملاقاتوں میں رکاوٹ بن سکتی ہے، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف کے دونوں وکلاء نے ان سے ملاقات کی ہے اور انہیں لانگ مارچ نہ کرنے پر قائل کرنے کی کوشش کی، بانی پی ٹی آئی کو ہر طرح کی یقین دہانی بھی کروائی گئی ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ ملاقاتوں پر پابندی اس لیے لگائی گئی تھی کیونکہ بانی پی ٹی آئی ان ملاقاتوں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کا آئندہ رویہ کیا ہو گا؟ اس کا فیصلہ (باقی صفحہ نمبر 25 پر نمبر25)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کا جائزہ لیا گیا

تنظیم نو کا پورا عمل پیشہ ورانہ مہارت اور عالمی معیارات کی بنیاد پر آگے بڑھایا جائے، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی تنظیم نو کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ادارے کو عالمی سطح پر مسابقتی، تجارتی اعتبار سے مستحکم اور بین الاقوامی شناخت کا حامل بحری ادارہ بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ تنظیم نو کا پورا عمل پیشہ ورانہ مہارت اور عالمی معیارات کی بنیاد پر آگے بڑھایا جائے۔ نائب وزیر اعظم کے آفس سے جاری بیان (باقی صفحہ نمبر 24 پر نمبر24)

پنجاب، ریسٹورینٹس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں پر شہریوں کیلئے انعامی سکیم شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس سیکٹر میں صارفین کیلئے انعامی سکیم شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق انعامی سکیم کے تحت صارفین کو ڈیجیٹل ادائیگیوں (باقی صفحہ نمبر 16 پر نمبر16)

سرگودھا میں خواتین کے پنک ریڑھی بازار قائم کر دیا گیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا میں خواتین کے پنک ریڑھی بازار قائم کر دیا گیا جس کا مقصد خواتین کو بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ زرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ نمبر 17 پر نمبر17)



لاہور: سابق چیئرمین پی سی بی ڈاکٹر نسیم اشرف نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور کا دورہ کر رہے ہیں۔



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان لاہور لٹریچر سینٹر میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

پشاور پولیس کا نجی جرگوں پر پابندی کا فیصلہ

ہوٹلوں اور شادی ہالوں میں جرگے کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، متعلقہ ہوٹل یا شادی ہال بھی سیل کیا جائیگا

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور پولیس نے نجی جرگوں پر پابندی کا فیصلہ کر لیا۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق نجی جرگے کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، ہوٹلوں اور شادی ہالوں میں جرگے کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، متعلقہ ہوٹل یا شادی ہال بھی سیل کیا جائیگا۔ سی سی (باقی صفحہ نمبر 23 پر نمبر23)

جنوبی کوریا میں تیز رفتار مسافر ٹرین پٹری سے اتر گئی، بارہ مسافر زخمی

سیول (سٹاف رپورٹر) جنوبی کوریا کے جنوبی صوبے میں ایک تیز رفتار مسافر ٹرین اچانک پٹری سے اتر گئی جس کے نتیجے میں بارہ مسافر زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق یہ حادثہ صبح کے اوقات میں اس وقت پیش آیا جب ٹرین (باقی صفحہ نمبر 19 پر نمبر19)

صدر مملکت آصف زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات

ملکی سکیورٹی صورتحال اور نئے صوبوں پر بات چیت

نواب شاہ (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف زرداری اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں ملکی سکیورٹی صورتحال اور نئے صوبوں پر کی گئی۔ نواب شاہ میں صدر مملکت آصف زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی جو ایک گھنٹہ جاری رہی، اس دوران سیاسی امور، ملکی سکیورٹی صورتحال اور نئے صوبوں کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ نمبر 22 پر نمبر22)

عمران خان سے ملاقات کا مطلب حالات میں بہتری ہے، علی محمد خان

بیرسٹر گوہر اور محسن نقوی کے رابطے رہے ہیں اور رہنے بھی چاہئیں، رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات کا مطلب حالات میں بہتری ہے۔ ایک انٹرویو میں علی محمد خان نے کہا کہ بیرسٹر گوہر اور محسن نقوی کے رابطے رہے ہیں اور رہنے بھی چاہئیں۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ نمبر 21 پر نمبر21)

لاہور: صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں پرائم پورٹل کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔



فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے | ملک بھر سے

AOM NEWS TV CHANNEL

International Media Forum

عوامی محبت

بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | کرائم رپورٹر

سٹی رپورٹر | نیوز ایجنسی | انٹرنیشنل کوارڈینیٹر

صرف سنجیدہ افراد کیلئے | میل اور فی میل

ڈیجیٹل مرحلے کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں

042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033,0321-6462430

Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com

www.amanimohabbat.com

سعودیہ سمیت خلیجی ممالک کی درخواست پر ایران پر مزید حملے روک دیے، ٹرمپ

چند دنوں میں ایران کے توانائی کے نظام، پلوں اور صنعتی ڈھانچے کو تباہ کر سکتے ہیں، تاہم علاقائی اتحادیوں کی درخواست پر فی الحال فوجی اور معاشی دباؤ برقرار رکھے ہوئے ہیں

سعودی عرب نے ان سے درخواست کی ہے کہ موجودہ صورتحال کو کچھ عرصے تک برقرار رہنے دیا جائے، قطر، کویت، متحدہ عرب امارات اور بحرین بھی امریکی حکمت عملی جاری رکھنے کے حق میں ہیں۔

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی عرب، قطر اور دیگر خلیجی ممالک نے ان سے ایران پر مزید بڑے حملے نہ کرنے اور موجودہ صورتحال برقرار رکھنے کی درخواست کی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ چند دنوں میں ایران کے توانائی کے نظام، پلوں اور صنعتی ڈھانچے کو تباہ کر سکتے ہیں، تاہم علاقائی اتحادیوں کی درخواست پر فی الحال فوجی اور معاشی دباؤ برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 18 پر نمبر18)

پنجاب ترقی کر رہا ہے اس لیے کچھ لوگوں کو ڈرلگ رہا ہے، عظمیٰ بخاری

کچھ بیروزگار اور سیاسی یتیم نئے ٹھکانے تلاش کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب ترقی کر رہا ہے اس لیے کچھ لوگوں کو ڈرلگ رہا ہے، کچھ بیروزگار اور سیاسی یتیم نئے ٹھکانے تلاش کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کو پنجاب کا ماڈل بنا دیا ہے، پنجاب کا گورننس کا ماڈل دوسرے صوبے میں مثال بن چکا ہے، دو سال میں مریم نواز نے پنجاب میں وہ کام کر دیے جو کئی تاریخ میں کوئی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی بیانیے بنانے والے قصہ پارینہ بن چکے ہیں، مردہ گھوڑے میں ہوا بھرنے کی (باقی صفحہ نمبر 20 پر نمبر20)



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ اور انعامی سکیم کے اجراء سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایڈیٹوریل

گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے، پاکستان صاف توانائی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہے، صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں، ترقی پذیر ممالک کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اپنے وعدے پورے کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت میں اضافے اور سستی ٹیکنالوجی تک رسائی کو یقینی بنانا وقت کی ضرورت ہے، حال ہی میں متعارف کرائی گئی آٹو پالیسی کے تحت 2030 تک نئی گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے کم ٹیرف سمیت مختلف مراعات فراہم کی جائیں گی، مستقبل میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی۔ بدھ کو یہاں اقوام متحدہ کی 31ویں موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے موقع پر 2035 تک گرین انرجی پر منتقلی، مستقبل کو توانائی فراہم کرنا کے عنوان سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے پاکستان کا پرعزم لائحہ عمل پیش کیا اور موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت میں اضافے اور سستی ٹیکنالوجی کی فراہمی پر زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس ضمن میں ملک میں ہونے والی پیشرفت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے توانائی کے مجموعی نظام میں صاف توانائی کے ذرائع کا حصہ اب تقریباً 55 فیصد ہو چکا ہے۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ اطالیہ روانگی سے قبل انہوں نے پاکستان کے ساتویں جوہری بجلی گھر کے ایک اہم حصے کا افتتاح کیا جو جدید ترین منصوبہ ہے اور قومی گرڈ میں 1200 میگاواٹ صاف بجلی شامل کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حال ہی میں متعارف کرائی گئی آٹو پالیسی کے تحت 2030 تک نئی گاڑیوں میں سے 30 فیصد کو الیکٹرک گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے کم ٹیرف سمیت مختلف مراعات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں حکومت کی جانب سے خریدی جانے والی تمام بسیں اور موٹر سائیکلیں الیکٹرک ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان میں فروخت ہونے والی ہر دس موٹر سائیکلوں میں سے پہلی مرتبہ ایک سے زائد الیکٹرک موٹر سائیکلیں ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گرین انرجی کی جانب منتقلی کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے تاہم مطلوبہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل مالی معاونت ناگزیر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کو 2035 تک کم کاربن اخراج کے حامل بجلی پیدا کرنے کے منصوبوں کے لیے تقریباً 138 ارب ڈالر درکار ہیں جبکہ کوئلے سے بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کی جگہ شمسی توانائی کے استعمال کے لیے مزید 50 ارب ڈالر کی ضرورت ہے۔ ہوئے وزیراعظم نے ترقی پذیر ممالک کو درپیش مالی مشکلات اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی ترسیل کے نیٹ ورک کو وسعت دینے، توانائی ذخیرہ کرنے کے قابل اعتماد نظام کو یقینی بنانے اور جدید ٹیکنالوجی کو قابل برداشت بنانے کے لیے بھاری سرمایہ کاری درکار ہے جس کا بوجھ بھاری قرضوں میں جکڑی معیشتیں تنہا برداشت نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے عالمی شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ رعایتی شرائط پر مالی معاونت کی فراہمی یقینی بنائیں اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی میں سہولت فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ صاف توانائی کے بلند عزائم پر مبنی اہداف صرف اجتماعی کوششوں اور بروقت مالی معاونت کے ذریعے ہی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2035 تک 35 فیصد کا ہدف اسی صورت حاصل ہوگا جب رعایتی سرمایہ اور سستی ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ذریعے مالی وسائل کی فراہمی ہمارے عزائم کی رفتار کے مطابق ہوگی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ ایسا ترقیاتی ماڈل اپنائے جو اقتصادی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن قائم رکھے۔ انہوں نے کہا کہ ممالک کو اپنے عوام کی توانائی ضروریات پوری کرنے اور معیشتوں کو ترقی دینے کے قابل ہونا چاہیے تاہم اس عمل میں کرہ ارض کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آیئے! عہد کریں کہ ہم اپنے عوام کو غربت میں دھکیلے بغیر اپنی معیشتوں کو توانائی فراہم کریں گے اور کرہ ارض کو تاریک کیے بغیر اپنے گھروں کو روشن کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صاف توانائی کی جانب منتقلی کے وعدے کو اجتماعی عزم اور عملی اقدامات کے ذریعے پورا کرنا ہوگا۔ وزیراعظم نے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان صاف توانائی کے اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی و موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کیتھ لیب پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی ایچ کیو جہلم کیتھ لیب میں وارڈ، سی سی یو، موڈیولر آپریشن تھیٹرز اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کیتھ لیب کے سٹور میں ادویات اور انجکشن وغیرہ کا معیار اور ایکسپائری چیک کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کنسول روم سے لائیو انجیوگرافی کا مشاہدہ کیا اور کیتھ لیب میں انجیو پلاسٹی کے بعد روبہ صحت مریضوں کی عیادت کی۔ دبئی کے ڈرائیور شہزاد نوید نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دل کی تکلیف ہونے پر دبئی سے مفت علاج کیلئے پاکستان آیا۔ کئی سال بعد آیا تو پاکستان پہلے جیسا نہیں لگ رہا بہت بہتر ہے۔ فیصل آباد میں ایک ہفتے بعد کا ٹائم ملا، بہن کے کہنے پر جہلم آیا، فوری طور انجیو پلاسٹی کردی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے ہر ہسپتال میں انجیو پلاسٹی کیلئے 24 گھنٹے سے زیادہ ٹائم نہ دینے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جہلم کے عوام کو دل کے علاج کے لیے اب دوسرے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ انجیوگرافی، انجیو پلاسٹی، ای سی جی، جدید آپریشن تھیٹرز، وینٹی لیٹرز سے آراستہ اس کیتھ لیب میں 2400 مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ میری کوشش ہے کہ پنجاب کے کسی بھی ہسپتال میں انجیو پلاسٹی کے لیے مریض کو انتظار نہ کرنا پڑے۔ گھر کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات ہر شہری کا حق ہے۔ دریں اثنا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جہلم میں زاہدہ بی بی کو نئے گھر کی مبارکباد دینے پہنچ گئیں۔ جہلم کے علاقے نیو آبادی اسلام پورہ کی زاہدہ بی بی نے اپنی چھت، اپنا گھر سکیم لون سے چار مرلہ مکان بنایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی اور ان کی فیملی کے ساتھ مل کر گھر کا باقاعدہ افتتاح کیا اور فیملی سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی سے گھر کی تعمیر کے بارے میں دریافت کیا تو زاہدہ بی بی آبدیدہ ہوگئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زاہدہ بی بی، بچوں سے شفقت کا اظہار کیا اور قائد محمد نواز شریف کا سلام بھی دیا۔ زاہدہ بی بی نے بتایا کہ دن رات کھڑے ہو کر گھر بنوایا، دن کو مزدور اور رات کو ہم خود کام کرتے۔ دل چاہتا ہے کہ مریم نواز شریف کو کھڑے ہو کر سیلوٹ کروں، انہوں نے ہمیں چھت دی۔ نواز شریف صاحب اور ان کی فیملی سے دلی لگاؤ ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ساگ اور آلو کی بھجیاں پیش کی گئی تو رغبت سے کھانا کھایا اور تعریف کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیسی آٹے کی خستہ روٹی بھی پسند کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے عوام کی خدمت کا موقع دیا جب کوئی گھر بنتا ہے تو دلی خوشی ہوتی ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پنجاب ہی نہیں پاکستان کا سب سے بڑا لو کاسٹ ہاؤسنگ پراجیکٹ ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر کی افادیت اور انفرادیت کو عالمی سطح پر بھی سراہا جا رہا ہے۔ دوسری جانب سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں پہلی مرتبہ اسموگ کے خلاف سائنسی بنیادوں پر 24/7 مانیٹرنگ، ڈیٹا اینالسس، پیشگی وارننگ، ریکارڈ قانون سازی اور فوری انفورسمنٹ کا جامع نظام قائم کیا گیا ہے، 11 نومبر 2024ء میں لاہور کا اے کیو آئی 2400 تک پہنچ چکا تھا، آج اے کیو آئی میں نمایاں بہتری وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے بروقت اقدامات، سخت انفورسمنٹ اور جدید مانیٹرنگ سسٹم کا نتیجہ ہے کہ اے کیو آئی 450 سے نیچے ہے، اسموگ کے پیک اوقات میں تین گھنٹے خصوصی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، پنجاب کلائمیٹ واچ کے ذریعے موسم، درجہ حرارت، ہوا کی رفتار، سمت اور ایئر کوالٹی کی چوبیس گھنٹے نگرانی جاری ہے، اسموگ ایک سائنسی، ماحولیاتی اور عوامی صحت کا مسئلہ ہے، اس پر سیاست کی کوئی گنجائش نہیں، یہ معاملہ صرف پنجاب یا پاکستان تک محدود نہیں بلکہ علاقائی اور بین الاقوامی موسمیاتی عوامل سے بھی جڑا ہوا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے گزشتہ اڑھائی سال میں پہلی مرتبہ اسموگ کی روک تھام کے لیے ڈیٹا، سائنسی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور مؤثر انفورسمنٹ پر مبنی جامع نظام قائم کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب کلائمیٹ واچ میں لاہور سمیت پنجاب بھر کی فضائی آلودگی اور اسموگ کی موجودہ صورتحال پر اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔

چودھری سالک حسین کے "لوز بال" پر وقتی رونق

چند دیرینہ قارئین نے کسی نہ کسی طرح میرا فون نمبر حاصل کرنے کے بعد گفتگو کے لئے پیغام لکھا اور میں بذات خود انہیں فون کرنے کو مجبور ہوگیا۔ گفتگو کا آغاز ہوتے ہی وہ گلہ کرنے لگے کہ بنیادی طور پر یہ کالم وہ ملکی سیاست کے بارے میں تازہ ترین جاننے کے لئے پڑھتے ہیں۔ چند دوستوں کو اردو پڑھنے میں دقت محسوس ہوتی ہے۔ 1980ء کے وسط سے مگر وہ انگریزی میں لکھے میرے کالم پڑھا کرتے تھے۔ ان دنوں بیرون ملک منتقل ہو چکے ہیں۔ مجھے پڑھنے کی عادت مگر انہیں "نوائے وقت" کی ویب سائٹ پر لے جاتی ہے۔ ان سب کا ایک سطری گلہ یہ تھا کہ میں ملکی سیاست کے بجائے ٹی وی ڈراموں کے بارے میں لکھنا شروع ہوگیا ہوں۔ معلوم یہ بھی کرنا چاہا کہ سیاست سے گریز کسی "دباؤ" کی وجہ سے تو نہیں۔ قارئین کی محبت سے شرمسار ہوا وضاحتیں دیتا رہا۔ سمجھانے میں لیکن ناکام رہا کہ میں کسی دباؤ کی وجہ سے نہیں بلکہ برجستہ اور میری دانست میں جائز وجوہات کی بنا پر ملکی سیاست کو نظر انداز کرنا شروع ہوگیا ہوں۔

سیاست کے حوالے سے 2022ء کے برس عمران حکومت کی تحریک عدم اعتماد کے ذریعے وزارت عظمیٰ سے فراغت کے بعد بے تحاشہ ذاتی تجربات و مشاہدات کی بدولت بالآخر دریافت یہ کیا ہے کہ وطن عزیز میں سیاست نام کی شے موجود ہی نہیں۔ فقط محلاتی سازشیں ہیں۔ حکمران اشرافیہ کے طاقتور گروہ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے اقتدار کے کھیل رچاتے ہیں۔ اصولوں اور نظریات وغیرہ کا ان سے کچھ لینا دینا نہیں۔

محلاتی سازشوں کو انتہائی قریب سے دیکھنے کے بعد ان سے جی اکتا گیا ہے۔ رزق کمانے کی مجبوری لاحق نہ ہوتی تو صحافت بھی چھوڑ دیتا جو اپنا وقار و اعتبار ویسے بھی کھو بیٹھی ہے۔

لکھ اور بول کر رزق کمانا مگر لازمی ہو تو ایسے موضوعات تلاش کرنا پڑتے ہیں جو قارئین و ناظرین کی معقول تعداد کے دل و دماغ میں موجود تجسس یا تعصبات کی تسکین کا باعث ہوں۔ دنیا بھر میں سیاست کے علاوہ خالصتاً عالمی امور حتیٰ کہ معیشت جیسے خشک موضوعات پر بھی باقاعدگی سے لکھنے والے اکثر اپنی تحریروں میں ٹی وی پر مشہور ہوئے کسی سلسلہ وار کھیل کے کسی کردار کا ذکر کرنے کو اپنی بات سمجھانے کے لئے مجبور ہو جاتے ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے لئے معاشیات کا ایک دھانسو پروفیسر باقاعدگی سے کالم لکھا کرتا تھا۔ اس کا ایک کالم مجھے آج بھی یاد ہے جس کا آغاز اس نے امریکہ ہی نہیں دنیا کے کئی ممالک کے نوجوانوں میں مقبول گلوکارہ ٹیلر سوفٹ کے ایک گانے کے مصرع سے کیا تھا۔ نیٹ فلیکس پر چلے "ہاؤس آف کارڈز" کے چند مکالمے اور کردار بھی اکثر کالموں میں حوالے کے طور پر یاد کیے جاتے ہیں۔ دانشورانہ رعونت جھاڑنے کے لئے اردو میں لکھنے والے مگر "عامیوں" میں مقبول گانوں، ڈراموں یا فلموں کے ذکر سے گھبراتے ہیں۔

مزید بڑھنے سے قبل دیرینہ قارئین کی توجہ برقرار رکھنے کیلئے بیان کرنا ہوگا کہ مجھ سے رابطہ کرنے والوں کا بنیادی گلہ یہ تھا کہ گزشتہ دس دنوں سے ریگولر اور سوشل میڈیا پر چوہدری شجاعت حسین صاحب کے فرزند سالک حسین کے ایک بیان کا ذکر ہو رہا ہے۔ نظر بظاہر یہ بیان انہوں نے "اچانک" ایک ٹی وی رپورٹر کو دیا۔ اس کے دوران پنجاب میں کرپشن کا ذکر ہو گیا۔ کرپشن کے ذکر نے پنجاب کی وزیر اعلیٰ کو بھڑکا دیا۔ تقریباً 11 دن قبل اٹک میں طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے طنز و حقارت سے مذکورہ بیان کا ذکر کیا۔

مذکورہ بیان کے عین ایک دن بعد میں نے ٹی وی شو میں اس بیان کے حوالے سے اٹھے سوال کا جواب دیتے ہوئے سرسری



nusrat.javeed@gmail.com

انداز میں اس سوچ کا اظہار کیا کہ ہمارے سیاستدانوں کا ایک گروہ سنجیدگی سے محسوس کر رہا ہے کہ وطن عزیز میں سیاسی گیم لگانے والی قوتیں کسی نئے "بندوبست حکومت" کی تلاش میں ہیں۔ چوہدری سالک حسین کے نظر بظاہر برجستہ ادا کئے کلمات کو اس تناظر میں چڑھائی ہانڈی سے جوڑا جا رہا ہے۔

چوہدری سالک حسین کے نظر بظاہر برجستہ ادا کئے کلمات کو یوں زیر بحث لائے بغیر آگے بڑھ گیا۔ میری گفتگو کے دو دن بعد مگر میرے بھائی محمد مالک نے اپنے ٹی وی شو میں مسلم لیگ کے ایک سینئر ترین رہنما کو مدعو کیا۔ خواجہ آصف ان کا نام ہے جو وزیر دفاع بھی ہیں۔ چوہدری سالک حسین کے بیان کو انہوں نے "متبادل نظام" کے متمنی افراد کی خواہشات کا اظہار بتایا۔ ریگولر اور سوشل میڈیا پر چھائے "ذہن سازوں" نے خواجہ صاحب کے ادا کردہ کلمات کو "خطرے کی گھنٹی" شمار کیا۔ دریں اثناء بھائی سہیل وڑائچ نے "اڑن کھٹولے" کی داستان بھی بیان کردی۔ "تخت کے جاتے" کی یوں گفتگو شروع ہوگئی۔ میں اس گفتگو میں حصہ ڈالنے سے گریز کو ترجیح دیتا رہا۔ خاموشی مگر کسی "دباؤ" یا لفافے کی وجہ سے اختیار نہیں کی تھی۔

نہایت سوچ سمجھ کر متعارف کروائے "بندوبست حکومت" کی بھی دوائیوں کی طرح ایکسپائری ڈیٹ (Expiry Date) ہوتی ہے۔ 2022ء سے 2024ء تک پہنچنے کے بعد ہمارے ہاں جو "بندوبست حکومت" متعارف ہوا ہے اس کی افادیت بھی دائمی نہیں۔ اس کا متبادل درکار ہے اور اسے ڈھونڈا بھی جا رہا ہے۔ متوقع بندوبست حکومت کے بنیادی خدوخال بھی لیکن ابھی تک طے نہیں ہو پائے ہیں۔

دریں اثناء ملکی دفاع کے حوالے سے ہمارے ایک اہم اور حساس ترین صوبے خیبرپختونخوا میں گورنر راج کو ہنگامی حالات کے تڑکے سمیت لاگو کیا جا چکا ہے۔ وہاں کی منتخب حکومت اور اسمبلی معطل ہیں۔ منتخب حکومت کی معطلی کے بعد حالات کو معمول پر لانے کے لئے مولانا فضل الرحمن اور ان کی جماعت کا تعاون درکار تھا۔ اس جماعت سے بھی لیکن مخاصمت سنگین سے سنگین تر ہو رہی ہے۔ ایسے عالم میں اٹک سے رحیم یار خان تک پھیلے صوبے میں 2024ء سے قائم حکومتی بندوبست کو چھیڑنا منطقی اعتبار سے درکار نہیں۔ مذکورہ حقیقت سے جبلی طور پر آگاہ ہوتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے منگل کے روز ایک بار پھر جہلم میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے "متبادل نظام" کے منتظر افراد کو للکارا ہے۔ ان کی للکار مگر فی الوقت کوئی سیاسی بھونچال نہیں اکسائے گی۔ فقط ریگولر اور سوشل میڈیا پر کچھ دنوں کے لئے رونق لگی رہے گی۔

چوہدری سالک حسین کے بیان اور وزیر اعلیٰ مریم نواز صاحب کی للکار نے ریگولر اور سوشل میڈیا پر جو رونق لگا رکھی ہے اس کے کئی ورژن میں 1985 سے ملکی سیاست میں دیکھ رہا ہوں۔ صوفی تبسم صاحب نے ایسی رونقوں کے آغاز وانجام کے بارے میں خبردار کر رکھا ہے۔

چوہدری سالک حسین سے میری سرسری ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ ان کے والد گرامی سے شناسائی کا آغاز مگر 1970ء کی دہائی سے ہو گیا تھا جب حبیب جالب مرحوم کا عاجز چیلا ہوتے ہوئے میں انہیں چوہدری ظہور الٰہی مرحوم کے لاہور والے گھر موٹر سائیکل پر بٹھا کر لے جایا کرتا تھا۔ 1985ء کے بعد جن سیاستدانوں نے مجھ پر اندھا اعتماد کرتے ہوئے "اندر کی بات" گلی لپٹی رکھے بغیر ہمیشہ سمجھائی ان میں چوہدری شجاعت حسین سرفہرست ہیں۔ وہ بہت زیرک و دور اندیش شخص ہیں۔ اقتدار کے کھیل کی حرکیات سے حیران کن حد تک آگاہ۔ چوہدری سالک حسین نے میری دانست میں اپنے والد کی تیار کردہ کسی گیم کو کھیلنے کے لئے کرپشن والا بیان نہیں دیا ہے۔

(جاری ہے)

(بشکریہ نوائے وقت)

خواجہ سعد رفیق: ماضی کی جدوجہد، حال کی بے چینی اور مستقبل کا سوال

پاکستان کی سیاست میں بعض کردار محض اقتدار کی کہانی نہیں ہوتے، وہ اپنے عہد کی سیاسی کشمکش، نظریاتی وابستگیوں اور عوامی توقعات کی تاریخ بھی اپنے ساتھ لے کر چلتے ہیں۔ خواجہ سعد رفیق انہی کرداروں میں سے ایک ہیں مگر سیاست کا المیہ یہ ہے کہ یہاں ماضی کی قربانیاں حال کی جواب دہی سے بے نیاز نہیں کرتیں اور طویل تجربہ مستقبل کے اعتماد کی ضمانت نہیں بنتا۔

خواجہ سعد رفیق کی سیاسی داستان کا آغاز ایک ایسے گھرانے سے ہوتا ہے جس کی شناخت سیاسی جدوجہد سے وابستہ رہی ان کے والد خواجہ محمد رفیق کی 1972 میں سیاسی تشدد کے نتیجے میں ہلاکت نے اس خاندان کی تاریخ پر گہرا اثر چھوڑا۔ سعد رفیق نے طالب علمی کے زمانے سے سیاست کا راستہ اختیار کیا، 1997 میں پنجاب اسمبلی پہنچے اور بعد میں قومی سیاست میں اپنی جگہ بنائی۔ جنرل پرویز مشرف کے دور میں اپوزیشن کی سیاست، پھر پارلیمان اور وفاقی وزارتوں تک رسائی ان کے سفر کے اہم مراحل رہے۔

اس سفر میں سیاسی مزاحمت بھی تھی، جماعتی وفاداری بھی اور اقتدار کا تجربہ بھی، وزارت ریلوے ان کے سیاسی کردار کا ایک نمایاں حوالہ بنی۔ تاہم کسی قومی ادارے کی سربراہی کا حقیقی حاصل وزارتی مدت نہیں بلکہ ادارے کی کارکردگی، عوامی سہولت اور دیرپا اصلاحات ہوتی ہیں یہی وہ پیمانہ ہے جس پر ان کے ماضی کو بھی پرکھا جانا چاہیے

فروری 2024 کی انتخابی شکست نے ان کے پارلیمانی سفر میں ایک نیا موڑ پیدا کیا مگر سیاست میں شکست ہمیشہ اختتام نہیں ہوتی بعض اوقات یہ اپنے سیاسی کردار، عوامی رابطے اور ترجیحات پر نظرثانی کا موقع بھی فراہم کرتی ہے آج خواجہ سعد رفیق ایک ایسے سیاسی ماحول کا حصہ ہیں جہاں جماعتی وفاداری اور عوامی توقعات کے درمیان توازن قائم کرنا آسان نہیں مسلم لیگ (ن) کا حکومتی تجربہ اپنی جگہ، مگر اس کے اندر سیاسی بصیرت، اختلاف رائے کی گنجائش اور گراس روٹ کارکن کی موثر نمائندگی جیسے سوالات بھی اہم ہیں کیا جماعتی نظام میں ایک تجربہ کار رہنما اپنی قیادت کے سامنے عوام کی تکلیف اسی وضاحت سے بیان کرسکتا ہے جس وضاحت سے وہ سیاسی مخالفین پر تنقید کرتا ہے؟

یہ سوال اس لیے بھی معنی رکھتا ہے کہ خواجہ سعد رفیق حالیہ عرصے میں سیاسی مفاہمت، آئینی بالادستی اور جماعتوں کے اندر جمہوری رویوں کی ضرورت پر بات کرتے رہے ہیں ستمبر 2026 میں انہوں نے سیاسی جماعتوں میں داخلی جمہوریت کی اہمیت اجاگر کی، جبکہ مقامی حکومتوں کو آئینی تحفظ، مالی خودمختاری اور حقیقی اختیارات دینے کی حمایت بھی کی نومبر میں انہوں نے سیاسی اختلافات کے حل کے لیے طاقت کے بجائے مکالمے پر زور دیا۔

یہ موقف اہم ہیں، لیکن ان کی اصل معنویت عملی پیش رفت سے وابستہ ہے اگر مقامی حکومتیں بااختیار ہوں تو عام شہری کی آواز فیصلہ سازی تک پہنچ سکتی ہے اگر جماعتوں میں داخلی جمہوریت ہو تو سیاسی کارکن محض نعرہ لگانے والا نہیں بلکہ قیادت کی تشکیل میں شریک ہوسکتا ہے یہیں خواجہ سعد رفیق کی سیاست کا حال ان کے مستقبل سے جڑتا ہے کیا وہ اپنی جماعت کے اندر ان اصولوں کے لیے مستقل کردار ادا کرسکیں گے جن کا اظہار وہ عوامی سطح پر کرتے ہیں؟ کیا ان کی سیاسی سوچ تنظیمی اصلاح، مقامی قیادت کی تربیت اور عوامی مسائل کے حل کی کسی واضح عملی صورت میں سامنے آئے گی؟

پاکستان کے عام شہری کے لیے سیاست کا مفہوم سیاسی جماعتوں کی کامیابی سے کہیں زیادہ وسیع ہے اس کی زندگی میں مہنگائی، بے



lahore1947@gmail.com

روزگاری، تعلیم، علاج اور انصاف کے سوال موجود ہیں وہ سیاسی استحکام کی اہمیت بھی سمجھ سکتا ہے، مگر اس کے لیے استحکام کی قدر تب بڑھتی ہے جب اس کے ثمرات اس کے گھر تک پہنچیں عوامی سوچ میں ایک اہم سوال ابھر رہا ہے آخر کب تک عام آدمی سیاسی تجربات کی قیمت اپنی زندگی کے برسوں سے ادا کرتا رہے گا؟

یہاں گراس روٹ سیاست کی اہمیت سامنے آتی ہے وہ کارکن جو محلے کے مسائل جانتا ہے، وہ نوجوان جو اپنی بستی کی محرومی محسوس کرتا ہے، وہ عام شہری جو بغیر سیاسی سفارش کے اپنے حق کے لیے آواز اٹھاتا ہے، جمہوری سیاست کی اصل بنیاد ہیں اگر ان لوگوں کے لیے قیادت تک پہنچنے کے راستے محدود رہیں تو عوام اور سیاسی جماعتوں کے درمیان فاصلہ بڑھنے کا خدشہ برقرار رہتا ہے خواجہ سعد رفیق کا سیاسی پس منظر انہیں اس مسئلے سے ناواقف نہیں رہنے دیتا انہوں نے سیاست کا آغاز نچلی سطح سے کیا تھا آج ان کے سامنے سوال یہ ہے کہ کیا وہ اپنے بعد آنے والے عام سیاسی کارکن کے لیے بھی ترقی کا وہ راستہ کھلا دیکھنا چاہتے ہیں؟

مستقبل کی سیاست میں شاید سب سے اہم تبدیلی یہی ہوگی کہ سیاسی وراثت کے ساتھ عوامی اہلیت، جماعتی تعلق کے ساتھ خدمت اور قیادت کے ساتھ جواب دہی کو بھی بنیادی حیثیت ملے لیکن اس تبدیلی کے لیے ایک فرد کی خواہش کافی نہیں جماعتی قیادت کی آمادگی، تنظیمی ڈھانچے کی اصلاح اور کارکنوں کی حقیقی شرکت بھی ضروری ہے خواجہ سعد رفیق کی سیاسی گنجائش کا تعین انہی عوامل سے ہوگا ان کی داستان کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ وہ جس نظام کے اندر سیاسی طور پر پروان چڑھے، اسی نظام میں اصلاحات کی ضرورت کا اظہار بھی کر رہے ہیں یہ تضاد نہیں تو ایک سنجیدہ سیاسی امتحان ضرور ہے کیونکہ اقتدار سے باہر اصلاح کی بات کرنا اور اقتدار کے قریب رہ کر اس پر عمل درآمد کا تقاضا کرنا دو مختلف مرحلے ہیں۔

عوامی خدمت کے لیے ہر وقت وزارت ضروری نہیں ہوتی سیاسی اثر و رسوخ کو عوامی شکایات کے حل، مقامی اداروں کی مضبوطی، نوجوانوں کی سیاسی تربیت اور جماعتی کارکنوں کی نمائندگی کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے ایسے اقدامات کسی بھی سیاسی رہنما کے عوامی کردار کو زیادہ واضح اور قابل احتساب بنا سکتے ہیں خواجہ سعد رفیق کے ماضی میں جدوجہد کا حوالہ موجود ہے، حال میں سیاسی مکالمے اور اصلاحات کا موقف سامنے آرہا ہے، جبکہ مستقبل ابھی ایک کھلا سوال ہے ان تینوں ادوار کو الگ کرکے ان کی سیاست کو سمجھنا ممکن نہیں۔

ان کے لیے آنے والا وقت محض سیاسی سرگرمیوں کی بحالی کا سوال نہیں بلکہ اس بات کا امتحان بھی ہے کہ وہ اپنے تجربے کو کس مقصد کیلئے استعمال کرتے ہیں، جماعتی حیثیت برقرار رکھنے کیلئے، یا اس سیاسی نظام میں عام کارکن اور شہری کی شرکت بڑھانے کیلئے؟ عوام کے سیاسی رجحانات مختلف ہو سکتے ہیں، مگر ایک جمہوری معاشرے میں ہر سیاسی شخصیت سے ایک بنیادی تقاضا مشترک رہتا ہے وہ اپنے دعووں اور کارکردگی کے درمیان فاصلہ کم کرے۔

خواجہ سعد رفیق کی داستان کا فیصلہ ان کی سیاسی وراثت نہیں کرے گی، نہ وزارتوں کی تعداد اور نہ ہی ان کی تقریروں کی گونج۔ اس کا اصل حوالہ یہ ہوگا کہ انہوں نے اپنے تجربے سے عوام، کارکن اور جمہوری اداروں کے لیے کیا مستقل راستہ بنایا ماضی نے انہیں سیاسی شناخت دی، حال نے ان کے سامنے سوالات رکھے ہیں، اور مستقبل ان سوالات کے جواب کا منتظر ہے کیونکہ تاریخ سیاست دانوں سے یہ نہیں پوچھتی کہ وہ اقتدار کے کتنے قریب رہے تاریخ یہ دیکھتی ہے کہ ان کے اقتدار، اختیار اور جدوجہد سے عوام کی زندگی میں کیا بدلا

(جاری ہے)

(بشکریہ نوائے وقت)



Sports

کھیل کھلاڑی



میری زندگی میں فی الحال کوئی مرد نہیں: ثانیہ مرزا

مجھے نہیں معلوم کہ مستقبل میں کوئی ہوگا بھی یا نہیں، ٹینس اسٹار



بھارت کی سابق ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے اپنی ذاتی زندگی اور تعلقات سے متعلق قیاس آرائیوں پر خاموشی توڑ دی۔ حال ہی میں ثانیہ مرزا نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں ان کے ہمراہ ان کی قریبی دوست اور فلم ساز فرح خان بھی موجود تھیں۔ گفتگو کے دوران ثانیہ کی نجی زندگی اور ڈیٹنگ سے متعلق موضوع زیر بحث آیا، جس پر میزبانوں نے ان سے پوچھا کہ کیا کسی نے انہیں کافی پر ملاقات کی دعوت دی ہے؟ سابقہ ٹینس اسٹار نے بتایا کہ میرے مرد دوست اکثر مجھے اپنے ساتھ سیر و تفریح کے لیے مدعو کرتے ہیں، تاہم میں انہیں ممکنہ رومانوی ساتھی کے بجائے صرف اپنے دوستوں میں سے ایک سمجھتی ہوں۔ اس موقع پر فرح خان نے بتایا کہ میرے بعض دوست اکثر مجھ سے رابطہ کرکے پوچھتے ہیں کہ آیا ثانیہ واقعی سنگل ہیں یا نہیں؟ اس سوال پر ٹینس اسٹار نے واضح جواب دیتے ہوئے کہا کہ میری زندگی میں اس وقت کوئی مرد نہیں ہے اور مجھے نہیں معلوم کہ مستقبل میں کوئی ہوگا بھی یا نہیں۔


آسٹریلیا میں بال ٹیمپرنگ تنازع بڑھنے لگا



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میں سینڈ پیپر بال ٹیمپرنگ کا تنازع بڑھنے لگا جس کے بعد آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز نے مختلف ایشوز پر بات کرنے کے لیے میڈیا کو بلا لیا۔ اس حوالے سے پیٹ کمنز کا کہنا ہے کہ کل شیفلڈ شیلڈ کے میچ کے لیے میں ٹریننگ کر رہا ہوں، صبح سب سے بات کرنے کو تیار ہوں، ایک ہفتے میں جو ہوا، عثمان خواجہ کے الزامات سامنے آئے ان پر تفصیلی بات کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ آسٹریلیا سے کہوں گا کہ وہ اس پر تفصیلات جاری کریں۔ کپتان پیٹ کمنز کے سوشل میڈیا پیغام کے بعد کرکٹ آسٹریلیا نے بھی اعلامیہ جاری کر دیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کا کہنا ہے کہ پیٹ کمنز کرکٹ سینٹرل میں کل ٹریننگ کریں گے، وہ میڈیا کے لیے دستیاب ہوں گے۔ واضح رہے کہ سابق آسٹریلوی کرکٹر عثمان خواجہ کے انکشافات نے بال ٹیمپرنگ اسکینڈل سینڈ پیپر گیٹ 2018ء کو پھر زندہ کر دیا ہے۔ عثمان خواجہ نے 2018ء کے سینڈ پیپر اسکینڈل سے متعلق اہم انکشافات اپنی آٹو بائیو گرافی 'ممبر' میں کیے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ آسٹریلوی ٹیم کے تمام کھلاڑی بال ٹیمپرنگ کے منصوبے سے آگاہ تھے، میں یہ سب کرنا نہیں چاہتا، میں وہ ایک نہیں بننا چاہتا کہ کوئی آگے آئے اور سچائی بیان کرے۔ عثمان خواجہ کا کہنا تھا کہ میں نے سوچا کہ 8 سال بعد سچائی باہر آنی چاہیے، میں نے کہا تھا کہ ہمیں اسے بحیثیت ٹیم لینا چاہیے، ہم نے یہ ٹیم کی حیثیت سے کیا تھا۔

ویمنز ایمرجنگ نیشنز ٹرافی 2026 کا آج سے آغاز

پاکستانی ٹیم اپنی مہم کا آغاز آج بنگلہ دیش کے خلاف کرے گی



عجمان (ویب نیوز) متحدہ عرب امارات کی ریاست عجمان میں خواتین کرکٹ کے بڑے بین الاقوامی مقابلوں کا آغاز آج 12 نومبر سے ہو رہا ہے، جہاں آئی سی سی ویمنز ایمرجنگ نیشنز ٹرافی 2026ء میں پاکستان سمیت 10 ممالک کی ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے میدان میں اتریں گی۔ 25 نومبر تک جاری رہنے والے ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 30 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے جائیں گے، جبکہ پاکستانی ٹیم اپنی مہم کا آغاز آج بنگلہ دیش کے خلاف کرے گی۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق تمام مقابلے عجمان کے کاروان اسپورٹس کلب کرکٹ گراؤنڈ اور سیون ڈسٹرکٹس اسپورٹس کلب میں ہوں گے۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان اہم افتتاحی مقابلہ آج دوپہر ایک بج کر 15 منٹ پر کاروان کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ پاکستانی ٹیم سعدیہ علی کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔

ثاقب خان ڈیبیو پر 7 وکٹیں لینے والے پاکستان کے چوتھے بولر بن گئے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) سری لنکا کے خلاف راولپنڈی میں ڈیبیو کرنے والے ثاقب خان 7 وکٹیں لینے والے پاکستان کے چوتھے بولر بن گئے۔ ثاقب خان اپنے ٹیسٹ ڈیبیو میں 5 وکٹ ہال لینے والے پاکستان کے 16ویں بولر بھی بن گئے۔ واضح رہے اس سے قبل محمد نذیر، محمد زاہد اور ابرار احمد بھی ٹیسٹ ڈیبیو پر ایک اننگز میں 7، 7 وکٹیں لے چکے ہیں۔ واضح رہے ٹیسٹ میچ کے دوسرے روز پاکستان ٹیم نے پہلی اننگز 434 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ پر ڈکلیئر کر دی تھی۔ سری لنکا کی ٹیم پہلی اننگز میں 446 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔



پاکستان کے نوجوان کرکٹرز کا شاندار کارنامہ، ٹیسٹ کرکٹ میں نئی تاریخ رقم

پاکستان کرکٹ ٹیم کے ڈیبیو کرنے والے کھلاڑیوں نے سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ریکارڈ قائم کردیا ہے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ڈیبیو کرنے والے 3 پاکستانی کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کرکے نئی



تاریخ رقم کی، ان کھلاڑیوں میں طیب عارف، محمد طحہٰ اور عرفات منہاس شامل ہیں۔ طیب عارف نے 51 گیندوں پر، 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 57 رنز بنائے، محمد طحہٰ 105 گیندوں پر، 5 چوکوں کی مدد سے 51 رنز بنائے اور عرفات منہاس نے 72 گیندوں پر 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 52 رنز اسکور کیے۔ پاکستانی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کے بعد ٹیسٹ کرکٹ میں قومی ٹیم دوسری ایسی ٹیم بن گئی ہے جس کے ٹیسٹ کرکٹ میں ڈیبیو کرنے والے 3 کھلاڑیوں نے ایک ہی اننگز کے دوران نصف سنچریاں بنائی ہیں۔ اس سے قبل 1992ء میں زمبابوے نے بھارت کے خلاف اپنے پہلے ٹیسٹ میچ میں ایسا کارنامہ انجام دیا تھا۔ اس میچ میں ڈیبیو کرنے والے 3 زمبابوین کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کی تھیں۔ اس وقت زمبابوے کے کھلاڑی اینڈی فلاور نے 59، گرانٹ فلاور نے 82 جبکہ ڈیو ہاؤٹن نے 121 رنز بنائے تھے۔

پاکستان بنگلادیش کو ہرا کر انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا

پاکستان نے 138 رنز کا ہدف صرف ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے ایشیا کپ کے پہلے سیمی فائنل میں بنگلا دیش کو 9 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ پاکستان نے بنگلا دیش کی جانب سے دیا گیا 138 رنز کا ہدف صرف ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ اوپنرز عثمان خان اور حیات خان نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی وکٹ کے لیے 123 رنز کی فیصلہ کن شراکت قائم کی۔ حیات خان نے اپنے پہلے ایشیا کپ میچ میں 72 گیندوں پر 69 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، جس میں 8 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا، جبکہ عثمان خان 52 گیندوں پر 54 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا، انہوں نے عبدالقادر کے ساتھ مل کر ٹیم کو 22ویں اوور میں فتح دلا دی۔ اس سے قبل پاکستان کے بولرز نے بنگلا دیش کی بیٹنگ لائن کو مشکلات سے دوچار کیا۔ رضوان اللہ نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 8 اوورز میں 30 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں، جس پر انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

نائیجیریا پولو ورلڈ کپ کوالیفائرز میں پاکستان نے ایران کو شکست دیدی

پاکستان نے ایران کو 6 کے مقابلے میں 10 گول سے شکست دے دی




ابوجا (ویب نیوز) نائیجیریا میں 13ویں پولو ورلڈ کپ کوالیفائرز میں پاکستان نے فاتحانہ آغاز کر دیا، قومی ٹیم نے افتتاحی میچ میں شاندار آغاز کرتے ہوئے ایران کو 6 کے مقابلے میں 10 گول سے شکست دے دی۔ ورلڈ کپ کوالیفائرز ٹورنامنٹ میں پاکستان سمیت ایران، بھارت اور میزبان نائیجیریا کی ٹیمیں شریک ہیں، پاکستانی پولو ٹیم ایونٹ کے اگلے مرحلے میں 13 نومبر کو روایتی حریف بھارت کیخلاف میدان میں اترے گی۔ نائیجیریا میں پولو ورلڈ کپ کوالیفائرز کے مقابلے 9 نومبر کو شروع ہوئے، جو 16 نومبر تک جاری رہیں گے، پاکستانی پولو ٹیم کوالیفائرز جیت کر ورلڈ کپ میں جگہ بنانے کیلئے پرعزم ہے۔



عشب عرفان کا پٹس برگ اوپن اسکواش میں شاندار آغاز

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے عشب عرفان نے پٹس برگ اوپن اسکواش میں کامیاب آغاز کیا ہے۔ عشب عرفان نے پہلے راؤنڈ میں انگلینڈ کے ہیری ملک کو 0-3 سے شکست دی۔ ان کی کامیابی کا اسکور 11-6، 11-9، 11-6 رہا۔ عشب عرفان نے 34 منٹ میں بغیر کوئی گیم ہارے یہ مقابلہ جیتا۔



بھارت کی مالدیپ کے خلاف فتح، پاکستان ساف چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا

ڈھاکا (ویب ڈیسک) ساف چیمپئن شپ 2026 میں بھارت نے مالدیپ کو ایک صفر سے شکست دے کر پاکستان کی سیمی فائنل میں رسائی یقینی بنا دی۔ گروپ بی میں پاکستان تین پوائنٹس کے ساتھ دوسری جبکہ بھارت چھ پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن پر موجود ہے۔ ڈھاکا کے نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں بھارت کی جانب سے سہیل احمد بھٹ نے 38ویں منٹ میں پینالٹی پر فیصلہ کن گول کیا۔ مالدیپ کے کھلاڑی کی جانب سے عبدالراہیہ کو باکس میں فاؤل کیے جانے پر بھارت کو پینالٹی ملی۔ مالدیپ کو گروپ کے دونوں میچز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹیم کوئی گول نہ کرسکی جبکہ اس کے خلاف چار گول ہوئے۔ پاکستان نے ٹورنامنٹ کا آغاز بھارت کے ہاتھوں 3-2 کی شکست سے کیا تھا، تاہم دوسرے میچ میں مالدیپ کو 3-0 سے ہرا کر کم بیک کیا۔ اس مقابلے میں 19 سالہ اسٹرائیکر رجب اللہ خان نے پہلے ہاف میں دو گول اسکور کیے تھے۔ پاکستان نے گروپ مرحلے میں مجموعی طور پر پانچ گول کیے جبکہ تین گول کھائے، اس طرح اس کا گول فرق پلس دو رہا۔

ایشین ٹیم اسکواش میں شاندار کارکردگی، کھلاڑیوں کو نقد انعامات

کھلاڑیوں کی لگن، نظم و ضبط اور عزم سے یہ معتبر ایشیائی ٹائٹل اپنے نام کیا: رانا ثناء اللہ



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی پاکستانی ٹیم کے کھلاڑیوں کو 10،10 لاکھ روپے کے نقد انعامات دیے گئے۔ وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ اور صدر پاکستان اسپورٹس بورڈ (پی ایس بی) رانا ثناء اللہ خان نے بدھ 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 میں تاریخی کامیابی حاصل کرنے والی پاکستان کی گولڈ میڈل یافتہ مردوں کی اسکواش ٹیم کے چاروں کھلاڑیوں نور زمان، محمد عاصم خان، ناصر اقبال اور اشعب عرفان کو 10،10 لاکھ روپے دیے۔ تقریب میں سیکرٹری وزارت بین الصوبائی رابطہ محی الدین احمد وانی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان اسپورٹس بورڈ یاور حسین اور سیکرٹری جنرل پاکستان اسکواش فیڈریشن ایئر کموڈور (ریٹائرڈ) عامر نواز نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر رانا ثناء اللہ نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں، کوچز اور مینجمنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی اس کامیابی کو عظیم قومی فخر کا باعث قرار دیا۔ انہوں نے کھلاڑیوں کی لگن، نظم و ضبط اور عزم کو سراہا جس کی بدولت پاکستان نے اپنی سرزمین پر یہ معتبر ایشیائی ٹائٹل اپنے نام کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کی حکومتی سطح پر پذیرائی اور حوصلہ افزائی کھیلوں کے فروغ اور قومی صلاحیتوں کی سرپرستی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

عاقب جاوید نے ماسٹر پلان تیار کیا ہے: محسن نقوی

سینٹرل کنٹریکٹ کا اعلان ایک دو روز میں کردیا جائے گا: چیئرمین پی سی بی



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ عاقب جاوید نے ٹیم کے لیے ماسٹر پلان تیار کیا ہے، سینٹرل کنٹریکٹ کا اعلان ایک دو روز میں کر دیا جائے گا۔ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ محمد رضوان سے این سی سی آئی اے رابطہ کرے گی اور ان سے ایک دو معاملات پر وضاحت طلب کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرکٹ سے متعلق ہونے والے تمام فیصلوں کی حمایت کرتا ہوں اور ہر چیز سے مطمئن ہوں، میری ٹیم اچھا کام کر رہی ہے اور میں نے اس پر اعتماد کیا ہے، جو نتائج دے رہی ہے۔ چیئرمین پی سی بی کا مزید کہنا تھا کہ جو حکمت عملی بنائی گئی ہے، اسے جاری رکھا جائے گا۔

پنڈی ٹیسٹ کا چوتھا دن: پاکستان دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 57 رنز

بارش کے باعث چوتھے روز مجموعی طور پر 40.4 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہو سکا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان راولپنڈی میں پہلے ٹیسٹ کے چوتھے دن کا کھیل بارش کے باعث جلد ختم کر دیا گیا۔ قومی ٹیم کو ایک وکٹ گنوا کر سری لنکا پر 45 رنز کی برتری حاصل ہے۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں چوتھے روز مجموعی طور پر 40.4 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔ پاکستان نے دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 57 رنز بنا لیے۔ اذان اویس 22 اور محمد طحہٰ 24 رنز کے ساتھ کریز پر موجود ہیں۔ سری لنکا نے گزشتہ روز کے 404 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ کے ساتھ دن کا آغاز کیا تو پاکستانی بولرز نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے اس کی اننگز 446 رنز پر تمام کر دی۔ سری لنکا کی طرف سے دھننجیا ڈی سلوا 167 اور کوشال مینڈس 119 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ پاکستان کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے ثاقب خان نے 7، محمد عباس نے 2 اور رضا اللہ نے ایک وکٹ حاصل کی۔ واضح رہے ٹیسٹ میچ کے دوسرے روز پاکستان ٹیم نے پہلی اننگز 434 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ پر ڈکلیئر کر دی تھی۔ پاکستان کی جانب سے سعود شکیل نے 93، عرفات منہاس نے 52 اور غازی غوری نے 48 رنز بنائے، ڈیبیو کرنے والے طیب عارف نے 57 رنز کی اننگز کھیلی، جبکہ محمد طحہٰ نے 51 اور بابر اعظم نے 50 رنز

1 چراغ

ہمارے گاؤں کے بیچوں بیچ ایک پرانا کنواں تھا جس کی منڈیر پر ہر شام ایک بوڑھا چراغ رکھ آتا تھا۔ اس کا نام کسی کو یاد نہیں تھا، سب اسے صرف چراغ والا کہتے تھے۔ وہ نہ کسی سے پیسے لیتا تھا نہ کسی سے کچھ مانگتا تھا، بس ہر شام سورج ڈھلنے سے پہلے کنویں پر پہنچ جاتا تھا۔

2 چراغ

ہمارے گاؤں کے بیچوں بیچ ایک پرانا کنواں تھا جس کی منڈیر پر ہر شام ایک بوڑھا چراغ رکھ آتا تھا۔ اس کا نام کسی کو یاد نہیں تھا، سب اسے صرف چراغ والا کہتے تھے۔ وہ نہ کسی سے پیسے لیتا تھا نہ کسی سے کچھ مانگتا تھا، بس ہر شام سورج ڈھلنے سے پہلے کنویں پر پہنچ جاتا تھا۔

3 چراغ

ہمارے گاؤں کے بیچوں بیچ ایک پرانا کنواں تھا جس کی منڈیر پر ہر شام ایک بوڑھا چراغ رکھ آتا تھا۔ اس کا نام کسی کو یاد نہیں تھا، سب اسے صرف چراغ والا کہتے تھے۔ وہ نہ کسی سے پیسے لیتا تھا نہ کسی سے کچھ مانگتا تھا، بس ہر شام سورج ڈھلنے سے پہلے کنویں پر پہنچ جاتا تھا۔

4 چراغ

ہمارے گاؤں کے بیچوں بیچ ایک پرانا کنواں تھا جس کی منڈیر پر ہر شام ایک بوڑھا چراغ رکھ آتا تھا۔ اس کا نام کسی کو یاد نہیں تھا، سب اسے صرف چراغ والا کہتے تھے۔ وہ نہ کسی سے پیسے لیتا تھا نہ کسی سے کچھ مانگتا تھا، بس ہر شام سورج ڈھلنے سے پہلے کنویں پر پہنچ جاتا تھا۔

5 چراغ

